Tarjihaat
Volume: 1I
Issue: VII
July 2022
جولائی ۲۰۲۲
آن لائن ادبی رسالہ
ترجیحات
ISSN: 2583-0082

محمد فاروق بیگ
فیصل آباد

دامنِ احتیاط

ذرا دھیرے دھیرے چلو
دھیرے دھیرے
یہ سفر زندگی کا ہے
کانٹوں سے پُر ہے
ارے جی !
چوکنا ہو جاؤ
نگاہیں تم پر گڑی ہیں
بندوقیں اور پستولیں تھامے، بھالے اور خنجر لیے
اور ان سے بھی بہت تیز
ان نگاہوں کے تیر اور لفظوں کی گولیاں
چوکنا تو رہو لیکن نگاہ منزل پے ہو
زندگی کا یہ سفر محبت کا سفر ہے
شہد سے میٹھا ہے
یاد رکھنا
شہد کی مکھیاں اس کی محافظ ہیں
جنھوں نے قطرہ قطرہ شہد
کٹھنائیوں سے
ایک عرصے میں جمع کیا ہے
ان کا حق فائق ہے
ذرا دھیرے دھیرے چکھنا
یہ محبت ہے